# CBSE Sample Question Paper

## Class XII

## URDU (Elective)

کل نمبر: 100 — مقررہ وقت:3 گھنٹے

Max. marks: 100 — Time allowed : 3 hours

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ (10)

ہماری زبان میں ایک ناول ایسا بھی ہے، جسے خاصے کی چیز سمجھا جاتا ہے،لیکن جس کی طرف ابھی تک کوئی توجہ نہیں کی گئی۔ غالباً اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ اسے محض ایک طوائف کی دلچسپ کہانی سمجھ کر پڑھا جاتا رہا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس کے بنیادی اور قابل قدر پہلو نظر سے اوجھل ہوگئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ''امراؤ جان ادا'' ناول میں ایک اہم کردار کی حیثیت رکھتی ہے۔ لیکن اسے یہ لازم نہیں آتا کہ وہی اس ناول کا موضوع بھی ہو۔ ناول کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے اس کے موضوع کو دریافت کیا جائے۔ یہ اس لیے کہ وہ ان امکانات کو بروئے کار لائے، ان تقاضوں کو پورا کرے اور فطرت کی ان لہروں کو بہتا ہوا دکھائے، جو واقعات اور کرداروں کی ساخت پرداخت کرتی ہیں۔ موضوع سے واقفیت حاصل کرنے کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ہم فن کے مطالبوں کو پا گئے ہیں اور ان کی کسوٹی پر تفصیل، تصادم اور ترجمانی کے عمل کو پرکھ سکتے ہیں، لہٰذا ہمیں یہ دیکھنا ہے چاہئے کہ اس ناول کا موضوع کیا ہے؟

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) مضمون نگار نے ناول نگار کی کن ذمہ داریوں کو بیان کیا ہے؟

(iii) امراؤ جان ادا ناول کس کی کہانی ہے؟

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

ساخت پرداخت — قدر و قیمت — تصادم

( یا )

فوٹوگرافر مدتوں سے یہاں موجود ہے۔ نہ جانے اور کہیں جا کر اپنی دکان کیوں نہیں سجاتا، لیکن وہ اسی قصبے کا باشندہ ہے۔ اپنی جھیل اور اپنی پہاڑی کو چھوڑ کر کہاں جائے؟ اس پھاٹک کی پلیا پر بیٹھے بیٹھے اس نے بدلتی دنیا کے رنگارنگ تماشے دیکھے ہیں۔ پہلے یہاں صاحب لوگ آتے تھے۔ برطانیہ پلانٹرز سفید سولا ہیٹ پہنے، کولونیل سروس کے جغادری عہدے دار، ان کی میم لوگ اور بابا لوگ۔ رات رات بھر.........گراموفون ریکارڈ چیختے تھے اور گیسٹ ہاؤس کے نچلے

ڈرائنگ روم کے چوبی فرش پر ڈانس ہوتا تھا۔ دوسری بڑی لڑائی کے زمانے میں امریکن آنے لگے تھے۔ پھر ملک کو آزادی ملی اور اکا دکا سیّاح آنے شروع ہوئے، یا سرکاری افسر یا نئے بیاہتے جوڑے یا مصوّر کلاکار جو تنہائی چاہتے تھے۔ ایسے لوگ جو برسات کی شاموں جو جھیل پر جھکی دھنک کا نظارہ کرنا چاہتے ہیں، ایسے لوگ جو سکون کے متلاشی ہیں، جس کا زندگی میں وجود نہیں، کیونکہ ہم جہاں جاتے ہیں فنا ہمارے ساتھ ہے، فنا ہماری ہم سفر ہے۔ گیسٹ ہاؤس میں مسافروں کی آوک جاوک جاری ہے، فوٹوگرافر کے کیمرے کی آنکھ یہ سب دیکھتی ہے اور خاموش رہتی ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) ملک کی آزادی سے پہلے کون گیسٹ ہاؤس میں آتے تھے؟

(iii) فوٹوگرافر کے کیمرے کی آنکھ کیا دیکھتی ہے اور خاموش رہتی ہے؟ واضح کیجیے؟

(iv) مصنف کے اعتبار سے ہم جہاں جاتے ہیں وہاں کون سی چیز ہمارے ساتھ جاتی ہے؟

(v) ''اس پھاٹک کی پلیا پر بیٹھے بیٹھے اس نے بدلتی دنیا کے رنگ دیکھے ہیں۔'' اس جملے سے کیا مراد ہے؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (100) الفاظ میں جواب لکھئے۔ (5)

(i) ایک ''اچھے رپورتاژ'' کی خوبیاں بیان کیجئے۔

(ii) احمد جمال پاشا کے خاکے ''کلیم الدین احمد'' کی خصوصیات بیان کیجئے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (10)

(i) ''مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں'' غالب نے یہ بات کیوں لکھی ہے؟

(ii) افسانہ ''لمحے'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(iii) 'ہوری' کون ہے اور وہ پریم چند کے کس ناول سے تعلق رکھتا ہے؟

(iv) ایک اچھے سفرنامے میں ہم کیا کیا خوبیاں تلاش کرتے ہیں؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ (10)

کارخانوں کے آہنی دل سے
ایک سیلاب سا اُبلتا ہے
سرخ پرچم ہوا کے سینے پر
بن کے رنگِ شفق مچلتا ہے

یہی ہندوستان کا ساحل ہے
جس پہ ٹوٹا غرورِ سلطانی
آگ سی لگ گئی ہے پانی میں
موجیں کرتی ہیں شعلہ افشانی

(i) سرخ پرچم کی کیا کیفیت ہے؟
(ii) ہندوستان کی ساحل پہ کیا ہوا؟
(iii) پانی میں آگ لگنے کا کیا مطلب ہے؟
(iv) کارخانوں کے آہنی دل سے سیلاب ابلنے کا کیا مطلب ہے؟
(v) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے اور نظم کے شاعر کا کیا نام ہے؟

( یا )

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پاگئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

دل کش ہر ایک قطعہ ٔ صحرا ہے راہ میں
ملتے ہیں جاکے دیکھئے کب کارواں سے ہم

لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جاکے حالیِ جادو بیاں سے ہم

(i) شاعر دل اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے؟
(ii) شاعر اپنے آپ سے کیا بات پوچھنے کا ارادہ رکھتا ہے؟
(iii) شاعر نے بگاڑ کی باتیں کرنے کی اجازت کس لیے دی ہے؟
(iv) راستے کا ہر ایک قطعہ دلکش ہونے کی وجہ سے کیا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے؟
(v) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو(100) الفاظ میں جواب لکھئے۔ (5)

(i) شفیق فاطمہ کی نظم کی خصوصیات اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(ii) عمیق حنفی کی نظم ''ملکِ بے سحر و شام'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (10)

(i) آرزو لکھنوی کی غزل کے امتیازات کیا ہیں؟

(ii) ''زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) نظم ارتقاء میں جمیل مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟

(iv) راجندر منچند ابانی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو(100) الفاظ میں جواب لکھئے۔ (4)

(i) ناول ''بیوہ'' کے ذریعے پریم چند ہمیں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

(ii) آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری کے امتیازیات پر روشنی ڈالیے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ (6)

(i) مصنف نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا؟

(ii) دفعتاً چھینک آنے پر چیرو با کوف کا ردِّ عمل کیا تھا؟

(iii) انشائیہ ''مرحوم کی یاد میں'' مرحوم کسے کہا گیا ہے اور کیوں؟

(iv) پطرس بخاری کو موٹر دیکھ کر کیا خیال آیا؟

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ (20)

(i) علی گڑھ تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجئے؟

(ii) رومانوی تحریک کی ادبی خصوصیات بیان کیجئے؟

(iii) شمالی ہند میں اردو شعر و ادب کے آغاز و ارتقاء پر ایک مضمون لکھئے؟

(iv) جوش ملیح آبادی کی شاعری کی خصوصیات تفصیل سے لکھئے؟

10۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھئے۔ (15)

(i) مجروح سلطان پوری کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(ii) غزل کی تعریف اوراس کے ارتقاء کے بارے میں لکھئے۔

(iii) فورٹ ولیم کالج کی عملی ادبی خدمات اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(iv) ترقی پسند ادیب کی حیثیت سے سجّاد ظہیر کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

11۔ درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے۔ (5)

(i) ’’لمحے‘‘ کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) تنقیدی مضمون (B) طنز و مزاح (C) مختصر افسانہ

(ii) سفر کے حالات سے متعلق جو کتاب لکھی جائے وہ ہے؟

(A) تاریخ (B) سفرنامہ (C) آپ بیتی

(iii) ذیل میں سے کس مصنف کا تعلق ترقی پسند تحریک سے ہے؟

(A) سجاد ظہیر (B) مولانا ابوالکلام آزاد (C) سرسید احمد خاں

(iv) ’’زرد پتوں کی بہار‘‘ کے مصنف کا نام؟

(A) مولانا حسرت موہانی (B) رام لعل (C) کرشن چندر

(v) منشی پریم چند کا سنہ پیدائش ہے؟

(A) 1870ء (B) 1880ء (C) 1875ء

.................☆☆☆☆☆.............